سوال

متعدد سالوں کے چھوڑے ہوئے روزوں کی قضا کا حکم

جواب

چھوڑے گئے روزوں کی قضا کی طاقت نہ ہونے پر فدیہ کی ادائیگی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میں رمضان کے علاوہ روزے رکھنے کی بہت کم ہمت پاتا ہوں، میں اگر سابقہ چھوڑے ہوئے روزوں کی قضا نہ کر سکوں اور فدیہ دے دوں کیا تب بھی ٹھیک ہوگا؟ کیونکہ میں نے سچی توبہ کرلی ہے۔۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اگر آپ واقعی اتنے کمزور ہیں کہ ان کی قضا کرنے سے معذور ہیں تو پھر یہ آپ کا شرعی عذر بنا جاتا ہے اور اللہ تعالی معاف کرنے والے ہیں، لہذا آپ ان کا کفارہ ادا کر کے بری الذمہ ہو جائیں گے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی